2017 دسمبر | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر) | III Semester تیسرا سمسٹر

پرچہ : جنس، اسکول اور سماج

Paper - BBED304CCT : Gender, School and Society

گھنٹے 2 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 35 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) موجودہ مرکزی وزیر برائے فروغِ خواتین واطفال کا نام ....

(a) سشما سوراج (b) سمرتی ایرانی (c) مینکا گاندھی (d) نرملا سیتارمن

(ii) قومی خواندگی مہم (National Literary Mission) کب شروع کیا گیا؟

(a) 1987 (b) 1988 (c) 1989 (d) 1990

(iii) IPC کا معنی ہے۔

(a) انڈین پارلیمنٹ کوڈ (b) انڈین پریکٹس کوڈ (c) انڈین پینل کوڈ (d) انٹرنیشنل پینل کوڈ

(iv) جنسی جرائم سے بچوں کی حفاظت ایکٹ - (The Protection of Children from Sexual Offences Act - POCSO) کب نافذ ہوا؟

(a) 2012 (b) 2013 (c) 2010 (d) 2014

(v) کسی شخص کے خاتون یا مرد ہونے کی بنا پر اس سے متوقع رویہ.............................. کہلاتا ہے۔

(a) صنفی کردار (b) صنفی تعصب (c) جنسیت (d) صنفی شناخت

حصہ دوم

2- ہمارے سماج میں صنف (Gender) کے تئیں کیا رویہ پایا جاتا ہے؟ واضح کیجیے۔

3- صنف کی بنیاد پر کام کی تقسیم اور قدر پیمائی (Division and Valuation of Work) سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

4- صنف کی سماجی تعمیر سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجیے۔

5- گھریلو ذمہ داریوں میں صنفی تعصب کیا جاتا ہے۔ اس بیان پر اپنی رائے پیش کیجیے۔

6- صنفی مساوات کو تقویت دینے میں معلم کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

7- پدریسی نظام (Patriarchy) اور مادرسی نظام (Matriarchy) کے مابین فرق واضح کیجیے۔

8- ہندوستان میں خواتین کے لیے اہم آئینی اور قانونی تجاویز (Constitutional and Legal Provisions) پر روشنی ڈالیے۔

9- خواتین کی ترقی کے لیے حکومت کی طرف سے چلائے جانے والی مختلف اسکیموں اور پروگراموں کو مختصراً بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10- جنسی ایذارسانی (Sexual Harrasment) اور جنسی استحصال (Sexual Abuse) سے کیا مراد ہے؟ تعلیمی اداروں میں جنسی ایذارسانی اور جنسی استحصال کی روک تھام کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

11- لڑکی کی جنین کشی (Female Foeticide) سے کیا مراد ہے؟ Female Foeticide کی وجوہات اور اثرات بیان کرتے ہوئے اس میں مداخلت کی حکمت عملی پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆☆